ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

پوسٹل بیلٹ پیپر

پیر ۳۰ مارچ ۲۰۲۶ء کو صبح ۱۰:۰۰ بجے بمقام آڈیٹوریم، دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ آف پاکستان (آئی سی اے پی ہاؤس)، موومی ایریا، سروس روڈ ساؤتھ، G 10/4، اسلام آباد میں منعقدہ سالانہ اجلاسِ عام میں خصوصی کارروائی کیلئے پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کیلئے بیلٹ پیپر۔ ویب سائٹ: www.efulife.com

فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	
شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا نام	
رجسٹرڈ ایڈریس	
موجودہ شیئرز کی تعداد	
سی این آئی سی/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے)	
اضافی معلومات اور منسلک دستاویزات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں)	
دستخط کنندہ کا نام	
سی این آئی سی/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) مجاز دستخط (کاپی منسلک کریں)	

ایجنڈا آئٹم نمبر ۴ کے لئے قرارداد

قرار پایا کہ ای ایف یو لائف ایشورنس کمپنی لمیٹڈ (''کمپنی'') کا مجاز شیئر کیپٹل جو اس وقت ۵۰۰،۰۰۰،۰۰۰/- ۱ روپے ہے اور جو ہر ایک ۱۰ روپے فی شیئر کے حساب سے ۱۵۰،۰۰۰،۰۰۰ شیئرز میں منقسم ہے، اسے بڑھا کر ۳،۰۰۰،۰۰۰،۰۰۰/- روپے (صرف تین بلین روپے) کیا جاتا ہے، جو ۱۰/- روپے فی شیئر کے حساب سے ۳۰۰،۰۰۰،۰۰۰ (تین سو ملین) عام شیئرز پر مشتمل ہوگا، اور یہ تمام شیئرز کمپنی کے موجودہ عمومی شیئرز کے ساتھ ہر لحاظ سے مساوی حقوق کے حامل ہوں گے۔

مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا مجاز شیئر کیپٹل میں اضافے کے نتیجے میں کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V کو مکمل طور پر حذف کر کے اس کی جگہ درج ذیل عبارت شامل کی جاتی ہے:

میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V

کمپنی کا مجاز سرمایہ ۳،۰۰۰،۰۰۰،۰۰۰/- روپے (صرف تین بلین روپے) ہوگا، جو ۱۰/- روپے فی شیئر کے حساب سے ۳۰۰،۰۰۰،۰۰۰ (تین سو ملین) عمومی شیئرز میں منقسم ہوگا اور کمپنی کو اختیار ہوگا کہ وہ اپنے سرمائے یا اس کے کسی حصے میں اضافہ کرے، اسے یکجا کرے، از سر نو منظم کرے یا اس میں ردوبدل کرے؛ نیز کمپنی کو اختیار ہوگا کہ وہ اپنے تمام یا کسی حصے کے شیئر کیپٹل کو مختلف اقسام میں تقسیم اور/ یا ذیلی تقسیم کرے، جیسا کہ کمپنی کے ضوابط کے مطابق مقرر کیا جائے یا کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعات کے مطابق ہو۔

مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا مجاز شیئر کیپٹل میں اضافے کے نتیجے میں کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی موجودہ آرٹیکل ۴ کو مکمل طور پر حذف کر کے اس کی جگہ درج ذیل عبارت شامل کی جاتی ہے:

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل ۴

کمپنی کا مجاز سرمایہ ۳،۰۰۰،۰۰۰،۰۰۰/- روپے (صرف تین بلین روپے) ہوگا جو ۱۰/- روپے فی شیئر کے حساب سے ۳۰۰،۰۰۰،۰۰۰ (تین سو ملین) ایکویٹی شیئرز میں منقسم ہوگا۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر نیز کسی بھی دو افراد کو مشترکہ طور پر اس امر کی اجازت اور اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ قراردادوں کی روح اور مقصد کو نافذ العمل بنانے کیلئے قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے مطابق تمام ضروری اقدامات کریں، قانونی و کارپوریٹ تقاضے پورے کریں، متعلقہ دستاویزات پر دستخط کریں اور تمام لازمی دستاویزات سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس جمع کرائیں، جیسا کہ ضروری یا مناسب ہو۔

پول کے لئے ہدایات

۱۔ براہِ مہربانی متعلقہ خانے میں ٹک کے نشان (✓) کے ذریعے اپنے ووٹ کو واضح کریں۔

۲۔ دونوں خانوں کو ٹک کے نشان شدہ (✓) کرنے کی صورت میں آپ کا ووٹ ''مسترد شدہ'' تصور کیا جائے گا۔

میں/ ہم بیلٹ کے ذریعے مذکورہ بالا قرارداد کے سلسلے میں اپنا/ ہمارا ووٹ استعمال کرتے ہوئے درج ذیل مناسب خانے میں ٹک کے نشان (✓) لگا کر اس قرارداد کیلئے اپنی/ ہماری رضامندی یا غیر رضامندی ظاہر کر رہے ہیں:

قرارداد	میں/ ہم قرارداد پر رضامند ہیں (FOR)	میں/ ہم قرارداد کے مخالف ہیں (AGAINST)
ایجنڈا آئٹم: جیسا کہ اوپر کہا گیا		

نوٹ:

۱۔ باقاعدہ پُر شدہ بیلٹ پیپر چیئرمین، ۱۵ ویں منزل، ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر ۱۱۲، ۸ ویں ایسٹ اسٹریٹ، ڈی ایچ اے فیز-I، کراچی کو ارسال یا hasanjivani@efulife.com پر ای میل کریں۔

۲۔ سی این آئی سی/ پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔

۳۔ بیلٹ پیپر چیئرمین کو ۲۹ مارچ ۲۰۲۶ء تک یا اس سے قبل اوقاتِ کار کے دوران پہنچ جائیں۔ اس تاریخ کے بعد موصولہ کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کیلئے قابل غور نہ ہوگا۔

۴۔ بیلٹ پیپر پر دستخط سی این آئی سی/ پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

۵۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غیر واضح، کٹے پھٹے، اوور رائیٹنگ کے حامل پول پیپر مسترد کر دیئے جائیں گے۔

۶۔ کسی باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ لازماً مجاز شخص کے سی این آئی سی کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی/ اختیارات کے لیٹر وغیرہ کی مصدقہ نقول وغیرہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشنز ۱۳۸ یا ۱۳۹ کے مطابق منسلک ہوں جیسا کہ نافذ العمل ہے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ کی صورت میں تمام دستاویزات ممبر کی حدود میں آنے والے کونسل جنرل آف پاکستان کی جانب سے تصدیق شدہ ہوں۔

۷۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.efulife.com پر بھی دستیاب ہیں۔ ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبار میں شائع شدہ اشتہار کی فوٹو کاپی/ یا اصل استعمال کر سکتے ہیں۔

شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کے دستخط/ مجاز دستخط کنندہ

(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں براہِ مہربانی کمپنی کی اسٹمپ چسپاں کریں)

تاریخ _____